مولانا محمد ادریس سلفی (کراچی) کا سانحہ ارتحال

مورخہ 13 اپریل بروز بدھ جامعہ ستاریہ کراچی کے نائب شیخ الحدیث اور جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان کے مفتی حضرت مولانا محمد ادریس سلفی انتقال کر گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم نے اپنی پوری زندگی دین کی تعلیم و تبلیغ کیلئے وقف کر رکھی تھی۔اللھم اغفر لہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ.

حاجی عبدالستار، حاجی محمد جمیل اور حبیب الرحمٰن کو صدمہ ان کے بھائی حاجی محمد اقبال کا انتقال پُرملال

مورخہ 30 اپریل بروز ہفتہ حاجی عبدالستار، حاجی محمد جمیل اور حبیب الرحمٰن کے بھائی حاجی محمد اقبال برطانیہ میں انتقال کر گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، انتہائی نیک، جامعہ اور جماعت سے انتہائی محبت رکھنے والے انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ لندن میں مولانا عتیق الرحمٰن نے پڑھائی اور وہیں پر تدفین ہوئی۔مورخہ 6 مئی بروز جمعہ جامعہ علوم اثریہ میں نماز جمعہ کے بعد مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ارشد محمود زرگر (لال دین جیولرز) کو صدمہ

مورخہ 3 مارچ بروز جمعرات ارشد محمود زرگر کی چچی محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

سیٹھی محمد ارشد و حمزہ ارشد سیٹھی کو دوہرا صدمہ

مورخہ 23 مارچ بروز بدھ سیٹھی محمد ارشد کا نومولود پوتا اور حمزہ ارشد سیٹھی کا بیٹا وفات پا گیا اور مورخہ 26 مارچ بروز ہفتہ ان کا دوسرا پوتا بھی اللہ کو پیارا ہو گیا۔انا للہ و انا الیہ راجعون. دونوں کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

عمران صادق و میجر صغیر اسلم کو صدمہ

مورخہ 13 مئی بروز جمعۃ المبارک عمران صادق (چکن کاٹیج) اور میجر صغیر اسلم کی ساس محترمہ مختصر علالت کے بعد وفات پاگئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔